| **Waiving of Medical Charges (For Non-eligible persons)** | **طبی واجبات کی چھوٹ (نا اہل افراد کے لیے)** |
|---|---|
| **Basic principles**<br><br>The provision of public healthcare services in Hong Kong is primarily prioritised to meet the needs of Eligible Persons (EP). The Hospital Authority (HA) would only provide medical services for Non-eligible Persons (NEP) in emergency situations. In non-emergency situations, service provision for NEP is subject to HA's capacity to provide such services without adversely affecting the services to EP on each episode. Medical services provided by HA for NEP are charged on cost recovery basis as per the Gazette. Before settlement of all outstanding fees, NEP would only be provided with medical services related to major public health threats or in emergency situations. Once the NEP patients are stabilized, they should be discharged or referred back to their own private doctors or their country of origin for continual care. | **بنیادی اصول**<br><br>ہانگ کانگ میں پبلک ہیلتھ کیئر سروسز کی فراہمی میں ترجیح بنیادی طور پر اہل افراد (EP) کی ضروریات کو پورا کرنے پر دی جاتی ہے۔ ہسپتال اتھارٹی (HA) صرف ہنگامی حالات میں نا اہل افراد (NEP) کے لیے طبی خدمات فراہم کرے گا۔ غیر ہنگامی حالات میں، NEP کے لیے خدمات کی فراہمی HA کی گنجائشی صلاحیت سے مشروط ہے کہ وہ ہر باری پر EP کے لیے خدمات پر منفی اثر ڈالے بغیر ایسی خدمات فراہم کرے۔ HA کی طرف سے NEP کے لیے فراہم کردہ طبی خدمات گزٹ کے مطابق لاگت کی وصولی کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہیں۔ تمام بقایا فیسوں کے تصفیے سے قبل، NEP صرف صحت عامہ کے بڑے خطرات یا ہنگامی حالات کے دوران متعلقہ طبی خدمات فراہم کرے گا۔ ایک بار جب NEP کے مریض مستحکم حالت میں آ جاتے ہیں تو انہیں ڈسچارج کر دیا جانا چاہیے یا پھر ان کے اپنے پرائیویٹ ڈاکٹروں یا مسلسل دیکھ بھال کے لیے ان کے آبائی ملک کو بھیج دیا جانا چاہیے۔ |
| Therefore, for ensuring rational use of limited public resources, **normally there is no waiving of medical charges of NEP** unless there are exceptional circumstances together with financial hardship. The term "exceptional circumstances" is general and what circumstances may constitute "exceptional circumstances" are not limited. For each application for waiving of medical charges, the HA will consider the circumstances of each patient and decide whether discretion shall be exercised in favour of waiving the medical charges and if | اس لیے، محدود عوامی وسائل کے معقول استعمال کو یقینی بنانے کے لیے، **عام طور پر NEP کے طبی معاوضے میں چھوٹ نہیں دی جاتی ہے** جب تک کہ مالیاتی مشکلات کے ساتھ غیر معمولی حالات درپیش نہ ہوں۔ اصطلاح "غیر معمولی حالات" عمومی ہے اور یہ صورتیں محدود نہیں ہیں جو "غیر معمولی حالات" کی تشکیل کر سکتی ہیں۔ طبی واجبات کی چھوٹ کی غرض سے ہر درخواست کے لیے، HA ہر مریض کے حالات پر غور کرے گا اور فیصلہ کرے گا کہ آیا طبی واجبات میں چھوٹ کے لیےاپنے صوابدیدی حق کا استعمال کیا جائے گا اور اگر صوابدید استعمال کی جائے گی تو، آیا یہ کُلی یا جزوی چھوٹ ہو گی۔ |

| | |
|---|---|
| discretion is exercised, whether it should be a full or partial waiver. | |

| | |
|---|---|
| **<u>Application procedures</u>**<br><br>If the NEP patients want to apply for waiving of medical charges, they could, during office hours, approach Medical Social Workers (MSWs) of Medical Social Services Units of the public hospitals and clinics that they attended, or Social Workers (SWs) of Integrated Family Service Centres & the Family and Child Protective Service Units of the Social Welfare Department (SWD) for enquiry and/or making application. | **<u>درخواست کے طریقہ ہائے کار</u>**<br><br>اگر NEP کے مریض طبی معاوضے کی معافی کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو وہ دفتری اوقات کے دوران سرکاری اسپتالوں اور کلینکس کے میڈیکل سوشل سروسز یونٹس کے میڈیکل سوشل ورکرز (MSWs) سے رابطہ کر سکتے ہیں جہاں وہ جایا کرتے تھے، یا سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (SWD) کے انٹیگریٹڈ فیملی سروس سینٹرز اور فیملی اینڈ چائلڈ پروٹیکٹو سروس یونٹس کے سوشل ورکرز (SWs) سے انکوائری اور/یا درخواست دینے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ |
| As it takes time to proceed medical fee waiving application, patient / applicant should approach MSWs / SWs as early as possible. Unless there are exceptional circumstances or justifiable reasons, normally MSWs / SWs will not process the medical fee waiving application if the medical fees have already been overdue for or more than 3 months (from the billing date). | جیسا کہ میڈیکل فیس میں چھوٹ کی درخواست پر عملدرآمد میں وقت لگتا ہے، مریض / درخواست گزار کو جتنی جلدی ممکن ہو MSWs / SWs سے رجوع کرنا چاہیے۔ جب تک کوئی غیر معمولی حالات یا جواز کی وجہ نہ ہو، عام طور پر MSWs / SWs میڈیکل فیس میں چھوٹ کی درخواست پر کارروائی نہیں کریں گے اگر میڈیکل فیس پہلے ہی 3 ماہ سے زائد یا (بلنگ کی تاریخ سے) زائد سے واجب الادا ہو چکی ہو۔ |
| **All applications are subject to individual and household assessment.** To enable MSWs/SWs to assess the application, patient/applicant must submit a completed “Application Form for Waiving of Medical Charges” (“Application Form”) and produce all the supporting documents and data required by MSWs/SWs. | **تمام درخواستیں انفرادی اور گھرانہ جاتی چھان بین سے مشروط ہیں۔** MSWs/SWs کو درخواست کا جائزہ لینے کا اہل بنانے کے لیے، مریض/درخواست گزار کو لازمی طور پر "طبی واجبات کی چھوٹ کے لیے درخواست فارم" ("درخواست فارم") جمع کرانا چاہیے اور MSWs/SWs کو درکار تمام معاون دستاویزات اور ڈیٹا پیش کرنا چاہیے۔ |
| The patient/applicant and patient’s core family members living under the same roof1 must provide complete, accurate, up-to-date and true information (including supporting documents and data) for and in support of the application. If the submitted information | ایک ہی چھت[1] کے نیچے رہنے والے مریض/درخواست گزار اور مریض کے خاندان کے بنیادی ارکان کو درخواست اور اس کی معاونت میں مکمل، درست، تازہ ترین اور صحیح معلومات (بشمول معاون دستاویزات اور ڈیٹا) فراہم کرنا ضروری ہے۔ اگر جمع کرائی گئی معلومات (بشمول معاون دستاویزات اور ڈیٹا) مکمل نہیں ہے تو، درخواست پر مزید کارروائی نہیں کی جا سکتی ہے۔ کسی بھی معلومات (بشمول معاون دستاویزات اور ڈیٹا) کی |

| | |
|---|---|
| (including supporting documents and data) is not complete, the application may not be processed further. Before provision of any information (including supporting documents and data), the patient/applicant must read and procure the patient's household members to read the "Notice to Patient" and "Notice to Client". | فراہمی سے قبل، مریض/درخواست گزار کو "نوٹس برائے مریض" اور "نوٹس برائے کلائنٹ" کے مطالعے کے لیے مریض کے گھرانے کے افراد کو انہیں پڑھنا اور حاصل کرنا چاہیے۔ |
| [1] *With effect from 18 June 2017, all new applications include patient and his/her core family members living under the same roof, which include patient's parents, children, spouse and siblings aged below 18 or aged between 18-25 receiving full-time education, or disabled adult siblings (i.e. receiving disability allowance under the Social Security Allowance scheme or standard rates for 100% disabled or requiring constant attendance under the Comprehensive Social Security Assistance scheme). Legally recognised adoptive parents/children or illegitimate children with proof of parentage are also included.* | [1] *18 جون 2017 سے، تمام نئی درخواستوں میں مریض اور اس مرد/خاتون کے خاندان کے بنیادی افراد شامل ہیں جو ایک ہی چھت کے نیچے رہتے ہیں، جس میں مریض کے والدین، بچے، زوج اور 18 سال سے کم عمر کے بہن بھائی یا 25-18 سال کے درمیان کے ہوں جو کُل وقتی تعلیم حاصل کر رہے ہوں، یا معذور بالغ بہن بھائی ہوں (یعنی جو سوشل سیکورٹی الاؤنس سکیم کے تحت معذوری الاؤنس وصول کر رہے ہوں یا 100٪ معذوروں کے لیے معیاری نرخوں پر اعانت وصول پا رہے ہوں یا کمپری ہینسو سوشل سیکورٹی اسسٹنس سکیم کے تحت مسلسل توجہ کا تقاضا رکھتے ہوں)۔ قانونی طور پر تسلیم شدہ والدین/بچے یا والدینی ثبوت کے ساتھ ناجائز بچے بھی اس میں شامل ہیں۔* |
| The patient/applicant and patient's household member(s) are required to **<u>sign the Declaration and Undertaking, i.e. Section 4 on the Application Form</u>** to confirm they well understand and agree to the contents of the Declaration and Undertaking. | مریض/درخواست گزار اور مریض کے گھر کے رکن(ارکان) کو **ڈکلریشن اور معاہدے، یعنی درخواست فارم پر سیکشن 4 پر دستخط کی ضرورت ہوتی ہے** تاکہ اس بات کی تصدیق ہو پائے کہ وہ ڈکلریشن اور معاہدے کے مندرجات کو اچھی طرح سمجھتے ہیں اور ان سے اتفاق کرتے ہیں۔ |
| If an application is approved, MSWs/SWs will issue medical fee waiver certificate to the applicant. The amount to be paid by patient, coverage of waiver and the date of waiving will be shown in the medical fee waiver certificate. If an application is not recommended/approved, MSWs/SWs will explain the reasons to the patient/applicant. | اگر کوئی درخواست منظور ہو جاتی ہے تو MSWs/SWs درخواست گزار کو میڈیکل فیس چھوٹ کا سرٹیفکیٹ جاری کریں گے۔ مریض کی طرف سے ادا کی جانے والی رقم، چھوٹ کی کوریج اور معافی کی تاریخ میڈیکل فیس معافی کے سرٹیفکیٹ میں دکھائی جائے گی۔ اگر کسی درخواست کی سفارش/منظوری نہیں دی جاتی ہے تو، MSWs/SWs مریض/درخواست گزار کو وجوہات کی وضاحت کریں گے۔ |

| | |
|---|---|
| **<u>Important points to note</u>**<br><br>The HA/SWD may reject or refuse to consider any application, if the Declaration and Undertaking under Section 4 on the Application Form was not signed or | **<u>نوٹ کرنے کے لیے اہم نکات</u>**<br><br>HA/SWD کسی بھی درخواست کو مسترد کر سکتی ہے یا اس پر غور کرنے سے انکار کر سکتی ہے، اگر درخواست فارم پر سیکشن 4 کے تحت ڈکلریشن اور معاہدہ پر دستخط نہیں کیے گئے ہوں یا دستاویزات اور ڈیٹا فراہم نہیں کیا گیا ہو۔ |

| | |
|---|---|
| supporting documents and data have not been provided. | |
| The information in the Application Form and the supporting documents provided during the application for waiving of medical charges will be used to process and verify various aspects of the application, including assessment of the eligibility of the patient for medical charges waiving application and the amount to be waived. | طبی معاوضے میں چھوٹ کی درخواست کے دوران درخواست فارم میں دی گئی معلومات اور معاون دستاویزات کو درخواست کے مختلف پہلوؤں، بشمول طبی واجبات معاف کرنے کی درخواست کے لیے مریض کی اہلیت کے تخمینے اور قابل چھوٹ رقم کو کارروائی اور تصدیق کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ |
| If the social and/or financial status of the patient's household changes after the submission of the application, including during the application process and the utilization of medical services, which affect the patient's eligibility for waiving of medical charges, the patient, applicant (if the patient is not the applicant) or patient's household member(s) should, as soon as he/she becomes aware of it, immediately notify the concerned MSWs/SWs of such change (whether or not the change relates to the patient or any household member) and provide all relevant information to the concerned MSWs/SWs. The relevant information may include: | اگر درخواست جمع کرانے کے بعد مریض کے گھرانے کی سماجی اور/یا مالیاتی حیثیت، بشمول درخواست کے عمل اور طبی خدمات کے استعمال کے دوران، تبدیل ہو جاتی ہے، جو کہ طبی معاوضے معاف کرنے کے لیے مریض کی اہلیت کو متاثر کرتی ہے تو، مریض، درخواست گزار (اگر مریض درخواست گزار نہیں ہے) یا مریض کے گھرانے کے رکن(ارکان) کو چاہیے کہ جیسے ہی وہ مرد/خاتون اس کے بارے میں آگاہ ہو جائے تو، فوراً متعلقہ MSWs/SWs کو اس طرح کی تبدیلی کے بارے میں مطلع کرے (چاہے تبدیلی کا تعلق مریض سے ہو یا گھرانے کے کسی فرد سے ہو یا نہ ہو) اور متعلقہ MSWs/SWs کو تمام متعلقہ معلومات فراہم کی جائیں۔ متعلقہ معلومات میں شامل ہو سکتی ہیں: |
| (a) Change in conditions of patient/household (e.g. patient is no longer restrained by law from leaving Hong Kong);<br>(b) Change in financial situation (e.g. increase of income, receipt of or increase in the amount of financial contributions from relatives/friends, etc.);<br>(c) Increase of the total value of patient's household assets. | (a) مریض/گھرانے کے حالات میں تبدیلی (مثال کے طور پر مریض کو بذریعہ قانون ہانگ کانگ چھوڑنے سے مزید روکا نہ جا رہا ہو)؛<br>(b) مالیاتی صورتحال میں تبدیلی (مثلاً آمدنی میں اضافہ، رشتہ داروں/دوستوں سے مالیاتی شراکت کی رقم کی وصولی یا اس میں اضافہ، وغیرہ)؛<br>(c) مریض کے گھرانے کے اثاثوں کی کُل قیمت میں اضافہ۔ |
| The HA/SWD may revoke and/or vary the terms and conditions of the waiving of | HA/SWD ایسی کسی بھی تبدیلی کی صورت میں میڈیکل چارجز (کُلی یا جزوی طور پر معاف شدہ طبی واجبات کی |

| | |
|---|---|
| medical charges (in whole or in part including the amount of the medical charges waived) in the event of any such change. | رقم سمیت) کی چھوٹ کے شرائط و ضوابط کو منسوخ اور/یا تبدیل کر سکتا ہے۔ |
| If patient/applicant and/or patient's household member(s) provides incomplete, inaccurate, obsolete or false information (including supporting documents and data) in the application form or the declaration and undertaking, it may result in rejection of the application, revocation in whole or in part of any waived medical charges and/or criminal prosecution. If the waiver of medical charges is revoked, such medical charges shall be recoverable by the HA as a debt. Patient/applicant must repay such medical charges to the HA. | اگر مریض/درخواست گزار اور/یا مریض کے گھرانے کے رکن (ارکان) درخواست فارم یا ڈکلریشن اور معاہدہ میں نامکمل، غلط، متروک یا جھوٹی معلومات (بشمول معاون دستاویزات اور ڈیٹا) فراہم کرتے ہیں تو، اس کے نتیجے میں درخواست مسترد ہو سکتی ہے، کُلی یا جزوی طور پر چھوٹ شدہ طبی واجبات کی واپسی ہو سکتی ہے اور/یا فوجداری مقدمہ قائم ہو سکتا ہے۔ اگر طبی واجبات کی چھوٹ کو منسوخ کر دیا جاتا ہے تو، اس طرح کے طبی واجبات کو HA کی طرف سے طلبی پر بطور قرض وصول کیے جائیں گے۔ مریض/درخواست گزار کو اس طرح کے طبی معاوضے HA کو واپس کرنا ہوں گے۔ |
| The patient/applicant and/or patient's household member(s) have the right to request access and make corrections to the personal data provided during the course of application. If a person providing personal data requests access to/correction of personal data kept by MSWs/SWs, he/she may contact the office which has collected the data from him/her for details of the procedure. | مریض/درخواست گزار اور/یا مریض کے گھرانے کے رکن(ارکان) کو حق ہے کہ وہ درخواست کے دوران فراہم کردہ ذاتی ڈیٹا تک رسائی کی درخواست کرے اور اس میں درستی کرے۔ اگر کوئی ذاتی ڈیٹا فراہم کرنے والا فرد MSWs/SWs کے پاس رکھے گئے ذاتی ڈیٹا تک رسائی/درستی کی درخواست کرے تو، وہ مرد/خاتون اس دفتر سے رابطہ کرسکتا یا سکتی ہے جس نے طریقہ کار کی تفصیلات کے لیے اس مرد/خاتون سے ڈیٹا اکٹھا کیا ہو۔ |

| | |
|---|---|
| **Appeal mechanism**<br><br>If patient/applicant disagrees with the application result, he/she may lodge an appeal within four weeks after the notification of the application result by HA/SWD. Related enquiries can be made to the office which handles his/her application or the Patient Relations Officer of the concerned hospital. | **اپیل کا طریقہ کار**<br><br>اگر مریض/درخواست گزار درخواست کے نتائج سے متفق نہیں ہے تو، وہ مرد/خاتون HA/SWD کی طرف سے درخواست کے نتائج کے نوٹیفکیشن کے بعد چار ہفتوں کے اندر اپیل دائر کر سکتا یا سکتی ہے۔ متعلقہ استفسارات اس دفتر سے کیے جا سکتے ہیں جو کہ اس مرد/خاتون کی درخواست کو نپٹانے پر مامور ہیں یا متعلقہ ہسپتال کے پیشنٹ ریلیشنز آفیسر سے بھی رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ |
| **Don't break the law**<br><br>Acquiring Medical Fee Waiving by deception is a Criminal Offence. In addition to the | **قانون کو مت توڑیں**<br><br>دھوکہ دہی سے میڈیکل فیس میں چھوٹ پانا ایک مجرمانہ فعل ہے۔ میڈیکل فیس کی چھوٹ کے لیے نا اہل ہونے کے نتیجے کے علاوہ، مریض/ درخواست گزار/ مریض کے |

| | |
|---|---|
| consequence of being ineligible for the Medical Fee Waiving, the patient/ applicant/ patient's household member(s) shall be liable on conviction upon indictment to imprisonment of 10 years under the Theft Ordinance (Chapter 210 of the Laws of Hong Kong). | گھر کے رکن (ارکان) کو تھیفٹ آرڈیننس (ہانگ کانگ کے قوانین کے باب 210) کے تحت 10 سال قید کی سزا دی جائے گی۔ |
| Enquiry<br>● Medical Social Services Units of public hospitals and clinics<br>● Integrated Family Service Centres of Social Welfare Department (SWD)<br>● Family and Child Protective Services Units (FCPSUs) of SWD (applicable for cases being followed up by FCPSUs) | انکوائری<br>● پبلک ہسپتالوں اور کلینکس کے میڈیکل سوشل سروسز یونٹس<br>● سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (SWD) کے انٹیگریٹڈ فیملی سروس سینٹرز<br>● SWD کے فیملی اینڈ چائلڈ پروٹیکٹو سروسز یونٹس (FCPSUs) (ان کیسز کے لیے قابل اطلاق جن کو FCPSUs فالو اپ کر رہی ہو) |

| | |
|---|---|
| Should there be any inconsistency between the different language versions, the English version shall prevail.<br>English version | اگر زبانوں کے مختلف نسخوں میں ناموافقت پائی جائے تو، انگریزی نسخہ کو فوقیت حاصل ہو گی<br><br>انگریزی نسخہ |